اور جامعہ بلتستان شگر سے علماء کرام نے شرکت کی۔

21-09-06 جماعت کے پرجوش مقرر الشیخ عبد الرزاق خان بن احمد علی خان رحمہ اللہ انتقال کر گئے۔ آپ پچھلے سال گردوں کی تکلیف میں مبتلا ہوئے تھے۔ اور علاج کر کے کافی تندرست ہو چکے تھے۔ اچانک تکلیف عود کر آئی، ایک رات چیلو ہسپتال اور ایک شب سکردو D,H,Q ہسپتال میں گزرانے کے بعد علاج کی غرض سے راولپنڈی منتقل کیا جا رہا تھا، سکردو ایئر پورٹ پہنچ کر زندگی کے مقررہ لمحات پورے ہو گئے۔ تقریباً 50 برس کی عمر میں روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ ﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾ آپ سکردو میں اپنی والدہ کے پاس مدفون ہوئے۔ پسماندگان میں بیوہ، دو بیٹے، اور دو بیٹیاں شامل ہیں۔ مرحوم آٹھ بھائی بہنوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ 1990ء میں کلیۃ الدعوۃ واصول الدین مدینہ یونیورسٹی سے فارغ ہو کر جامعہ دار العلوم کے برانچ مدارس میں تدریسی اور دعوتی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

☆☆☆☆☆

روشن باتیں

گلشن عطاء الرحمٰن کھرفقی

☆ سچائی کو لازم پکڑو کیونکہ سچ نیکی کی راہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ (صحیح مسلم)

☆ بیشک اللہ تعالیٰ اس امت کی مدد اس کے کمزوروں کی دعا کی برکت سے کرتا ہے۔ (نسائی)

☆ لوگوں میں دو چیزیں کافرانہ ہیں: نسب میں طعن کرنا اور میت پر نوحہ کرنا۔ (صحیح مسلم)

☆ اس امت کے پہلے لوگ یقین اور زہد کی وجہ سے نجات پا گئے اور اس امت کا آخری حصہ بخل اور امید سے ہلاک ہوگا۔ (صحیح الجامع)

☆ اللہ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اسے دین کی سمجھ دے دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

☆ بے شک اللہ تعالیٰ صرف وہی عمل قبول کرتا ہے جو خالص اللہ کی رضا کے لیے ہو۔ (نسائی)

☆ جہاد میں ایک دن کا پہرہ ایک ماہ کے روزوں اور قیام سے افضل ہے۔ (مسند احمد)

☆ جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ (متفق علیہ)

☆ جو شخص کسی قوم کے ساتھ مشابہت اختیار کرے وہ انہی میں سے ہے۔ (ابوداؤد)

☆ جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔ (متفق علیہ)